فوری ریلیز کے لیے: 7/11/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے نفرت انگیز جرائم اور حملوں کے خطرے کی زد میں آئی ہوئی غیر منافع بخش، کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کی حفاظت بہتر بنانے کے لیے $96 ملین کا اعلان کیا ہے

غیر منافع بخش تنظیمیں اب نفرت انگیز جرائم کے پروگرام کے خلاف ریاست کی محفوظ کمیونٹیز کے ذریعے $50 ملین کے لیے درخواست کر سکتی ہیں، جو اب تک کی دستیاب بنائی جا سکنے والی سب سے زیادہ فنڈنگ ہے

وفاقی ہنگامی انتظامی ایجنسی کے غیر منافع بخش سیکیورٹی گرانٹ پروگرام کے ذریعے 240 غیر منافع بخش تنظیموں کو وفاقی فنڈنگ کے کل $46 ملین دیئے گئے

گورنر Kathy Hochul نے آج غیر منافع بخش، کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کے، ان کے نظریے، عقائد، یا مشن کی وجہ سے نفرت انگیز جرائم یا حملوں کے خطرے کی زد میں ہونے کے باعث تحفظ اور سیکیورٹی کے اقدامات کو مستحکم کرنے کے لیے $50 ملین کے حصول کے لیے درخواستوں کا اجراء کیا۔ یہ فنڈنگ پروگرام کے ذریعے دستیاب اب تک کی سب سے بڑی رقم ہے۔ غیر منافع بخش تنظیمیں جو گزشتہ طور پر گرانٹس حاصل کر چکی ہیں وہ اب نئے سیکیورٹی پروجیکٹس کے لیے درخواست دے سکتی ہیں، اور پہلی بار، فنڈنگ کے لیے سائبر سیکیورٹی پروجیکٹس کو بھی پر غور لایا جائے گا۔ علاوہ ازیں، گورنر Hochul نے ریاست بھر کی ان 240 غیر منافع بخش تنظیموں کے لیے وفاقی فنڈنگ کی مد میں $46 ملین کا اعلان کیا ہے جو دہشت گرد حملے کے بڑھتے ہوئے خطرے کا سامنا کر رہی ہیں۔ یہ اہم فنڈنگ ان کی سہولت گاہوں کی سیکیورٹی کو مستحکم کرنے میں معاون ثابت ہو گی، نیز مجموعی مستعدی میں اضافہ کرے گی۔

"نیویارک میں نفرت کی کوئی جگہ نہیں ہے، اور ہم ان تنظیموں کی معاونت جاری رکھیں گے جو خطرناک اور شدید حملوں کی شدید زد میں ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "بے مثال فنڈنگ کے اس نئے دور کے ساتھ، یہ خطرے کی حامل سہولت گاہیں سائبرسیکیوریٹی پروجیکٹس سمیت، حفاظتی احتیاطی تدابیر میں فنڈ کی فراہمی کے قابل ہو جائیں گی، تاکہ زدپذیر افراد کو ان افراد سے بچایا جا سکے جو ان کے نظریے، عقیدے یا مشن کے سبب ان پر حملہ آور ہو سکتے ہیں۔"

"یہ فنڈنگ اور یہ کوششیں نفرت اور عدم برداشت کے خلاف ہماری جنگ میں مثبت اقدام ہیں،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "گورنر اور میں ہمارے بس میں موجود تمام اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہمارے شہروں اور ہماری ریاست میں موجود افراد اور تنظیمیں نفرت انگیز اعمال سے محفوظ رہیں۔"

ریاست نیویارک ڈویژن برائے مجرمانہ انصاف سروسز کی کمشنر Rossana Rosado نے کہا، "نیویارک کے ایک باشندے کے خلاف نفرت انگیز جرم ہم سب کے خلاف نفرت انگیز جرم ہے۔ DCJS کو اس فنڈنگ کی فراہمی پر فخر ہے اور میں نشانہ بننے کے خطرے سے دوچار تنظیموں کی حفاظت کو مستحکم کرنے اور ان افراد اور خاندانوں کو، جو ان کی فراہم کردہ اہم سروسز سے فائدہ اٹھاتے ہیں، محفوظ رکھنے میں مدد دینے کے لیے میں گورنر Hochul کی غیر متزلزل حمایت کو سراہتی ہوں۔"

ریاست نیویارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "نیویارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنا گورنر Hochul کی اوّلین ترجیح ہے، اور ان فنڈز سے ہمارے غیر منافع بخش اداروں کو نفرت انگیز انتہا پسندوں کی کارروائیوں سے بچانے میں مدد ملے گی۔ ہم اپنے غیر منافع بخش شراکت داروں کے ساتھ کام جاری رکھنے کے منتظر ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ نیویارک سروسز فراہم کرنے کے لیے اور کاروبار انجام دینے کے لیے محفوظ جگہ ہے۔"

نمائندے Adriano Espaillat نے کہا، "ہمیں ان ملکی اور بین الاقوامی خطرات سے نمٹنے کے لیے محتاط رہنا چاہیئے اور مل کر اپنی کوششوں میں مصروف رہنا چاہیئے جو ہماری روزمرہ کی زندگیوں کو درہم برہم کرنے کے لیے خطرہ ہیں، اور اس کے لیے اپنی کمیونٹیز اور ہمارے تخلیق کیے گئے پروگرامز میں عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہو گی۔ میں آج کے دن ریاستی فنڈنگ کی سب سے بڑی رقم کے اعلان پر گورنر Hochul کو داد دیتا ہوں جو ہماری غیر منافع بخش اور کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کی حفاظت کو تقویت دینے کے لیے مختص کی گئی ہے، اور میں اپنے ضلع کے تمام اہل پروگرامز کو ترغیب دیتا ہوں کہ وہ اس فنڈنگ کے لیے درخواست دیں تاکہ نفرت انگیز جرائم اور دیگر ممکنہ خطرات کا ہدف اور نشانہ بننے والی سہولت گاہوں پر اپنی حفاظت اور مستعدی کو بہتر بنا سکیں۔"

آج کا اعلان اس وقت سامنے آیا ہے جب پورے نیویارک میں نفرت اور تعصب کے واقعات جاری ہیں اور وفاقی حکام نے آس پاس کی ریاستوں میں عقیدے پر مبنی اداروں کو نشانہ بنانے والے سیکیورٹی خطرات سے خبردار کیا ہے۔ نفرت انگیز جرائم صرف مطلوبہ اہداف کو متاثر نہیں کرتے، بلکہ وہ پوری کمیونٹیز پر ناموافق اور غیر متناسب طور پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اگرچہ ریاست میں پولیس کو رپورٹ کیے گئے نفرت انگیز جرائم کی تعداد کل جرائم کے مختصر جزو کی نمائندگی کرتی ہے، مگر درحقیقت یہ واقعات بڑی کمیونٹی میں صدمے اور بتدریج خوف کا باعث بنتے ہیں۔ ریاست نیویارک ان واقعات کی دوسرے جرائم سے الگ نگرانی کرتی ہے تاکہ رجحانات پر نظر رکھی جا سکے، اور انہیں وقوع پذیر ہونے سے قبل روکنے کے لیے اقدامات کیے جا سکیں۔

وفاقی ہنگامی انتظامی ایجنسی کی جانب سے اپنے غیر منافع بخش سیکیورٹی گرانٹ پروگرام کے ذریعے فراہم کردہ، نیویارک کے لیے وفاقی فنڈز میں $46 ملین دو الگ الگ ایوارڈز کے ذریعے - یعنی $38.8 ملین نیویارک شہر میٹرو ایریا کے اندر تنظیموں کے لیے اور $7.2 ملین باقی تمام ریاست میں موجود تنظیموں کے لیے مختص کیے جا رہے ہیں۔ ریاست نیویارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات مقامی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مضبوط ربط میں ان پروگرامز کا نظم کرتا ہے۔ 240 غیر منافع بخش تنظیمیں جو وفاقی فنڈنگ حاصل کر رہی ہیں، انہیں اِن گرانٹس کو سیکیورٹی رسک مینجمنٹ، کارروائیوں کے تسلسل، اور واقعے کے ردعمل کی تفصیل والے منصوبوں؛ طبعی سیکیورٹی بڑھانے کے آلات، اور معائنہ اور اسکریننگ کے نظام؛ ملازمین، اراکین یا جماعت کے لیے شوٹر کی فعال تربیت، اور حفاظتی تربیت؛ جوابی مشقوں؛ اور معاہدہ یافتہ سیکیورٹی اہلکاروں، کے لیے استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

ریاست نیویارک ڈویژن برائے مجرمانہ انصاف کی سروسز (New York State Division of Criminal Justice Services, DCJS) کے زیر انتظام، ریاست کی مالی اعانت سے چلنے والا نفرت انگیز جرائم کے خلاف محفوظ کمیونٹیز (Securing Communities Against Hate Crimes) پروگرام $50 ملین کے لیے تجاویز طلب کر رہا ہے، جس سے ریاست بھر میں تقریباً 1,000 پروجیکٹس کی حمایت کی توقع ہے۔

2017 میں بنایا گیا، یہ پروگرام حفاظتی اقدامات کو مضبوط بنانے اور غیر منافع بخش کمیونٹی اور شہری مراکز، ثقافتی عجائب گھروں، ڈے کیئر سینٹرز، اور دیگر ان غیر منافع بخش تنظیموں کے خلاف نفرت انگیز جرائم کو روکنے کے لیے فنڈ فراہم کرتا ہے جو اپنے نظریے، عقائد، یا مشن کی وجہ سے زدپذیر ہو سکتی ہیں۔ یہ فنڈنگ بیرونی یا اندرونی سیکیورٹی میں بہتریوں کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے، ان میں لائٹننگ، لاکس، الارمز، پینِک بٹنز، فینسنگ، بیریئرز، ایکسس کنٹرولز، شیٹر ریزسٹنٹ گلاس اور بلاسٹ ریزسٹنٹ فلم، پبلک ایڈریس سسٹمز، شامل ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں، اور پہلی بار، سائبر سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کے اقدامات بھی شامل کیے گئے ہیں۔ فنڈز سیکیورٹی ٹریننگ سے وابستہ اخراجات کو بھی پورا کر سکتے ہیں۔ آج تک، تقریباً 1,700 پروجیکٹس کی حمایت کے لیے 600 سے زائد غیر منافع بخش تنظیموں کو مجموعی طور پر $83.1 ملین عطا کیے گئے ہیں۔

DCJS فی پروجیکٹ $50,000 تک کی درخواستیں قبول کرے گا؛ ہر اہل تنظیم زیادہ سے زیادہ $150,000 کے لیے تین درخواستیں جمع کروا سکتی ہے۔ ایک اہل تنظیم سائبر سیکیورٹی پروجیکٹ کو فنڈ فراہم کرنے کے لیے $50,000 تک کے لیے علیحدہ درخواست بھی جمع کروا سکتی ہے۔ درخواستیں منگل، 31 جنوری، 2023 تک DCJS کو جمع کروائی جائیں۔ اہلیت کے تقاضوں، ہدایات، رہنمائی اور اضافی معلومات کے لیے DCJS ویب سائٹ کا گرانٹس/فنڈنگ کا صفحہ ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418